## بلھے شاہ (شخصیت اور شاعری)

مصنف: ڈاکٹر انیس ناگی، ناشر: مکتبہ جمالیات، لاہور، صفحات: ۱۰۶،

قیمت: ۱۵۰ روپے

ڈاکٹر انیس ناگی ہمارے جانے پہچانے ادیب، شاعر، نقاد اور مترجم ہیں۔ ان کی پچاس سے زیادہ کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔ ان کتب میں ڈاکٹر صاحب کی شاعری اور افسانوں کے مجموعے، ناول، تنقیدی کتب اور تراجم شامل ہیں۔ لیکن اپنے طویل اور باثمر ادبی سفر کے دوران انہوں نے تصوف کو کبھی موضوعِ بحث نہ بنایا تھا۔ اب وہ اس طرف توجہ کر رہے ہیں۔ چنانچہ ۲۰۰۹ء میں بابا بلھے شاہ کی شخصیت، تصوف اور شاعری پر اُن کی زیرِ توجہ کتاب منظرِ عام پر آئی ہے۔ اگر چہ یہ ایک مختصر کتاب ہے، لیکن اُس میں کئی حوالوں سے بابا بلھے شاہ کی شخصیت اور پیغام کو سمجھنے اور بیان کرنے کی قابلِ تعریف کوشش کی گئی ہے۔ کتاب کے ۷۷ صفحات، نو ابواب میں تقسیم شدہ ہیں جن میں بلھے شاہ کے روحانی سفر، اُن کی شاعری کے مواخذ، شاعری کے فن اور فلسفہ وحدت الوجود سے اُن کے تعلق پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ جب کہ بقیہ ۲۷ صفحات پر بابا بلھے شاہ کے کلام کا ایک مختصر انتخاب پیش کیا گیا ہے۔

پنجابی صوفی شعرا میں سے بابا بلھے شاہ نے نسبتاً زیادہ دانش وروں کو متوجہ کیا ہے اور ان پر کتب کے علاوہ چند اچھے تحقیقی مضامین بھی پنجابی، اُردو اور انگریزی زبانوں میں لکھے گئے ہیں۔ تاہم جیسا کہ ڈاکٹر انیس ناگی نے اپنی کتاب میں لکھا ہے، پنجابی زبان کے تنقیدی افلاس کے باعث اُن کی شخصیت اور کلام کی بہت سی جہتیں اخفا میں ہیں۔ یہ کتاب اُن میں سے بعض کی طرف فائدہ مند اشارے کرتی ہے۔

---